محدث فتویٰ

سوال

(713) ہر فرضی نماز کے بعد اجتماعی دعا کرنا صحیح ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہر فرضی نماز کے بعد اجتماعی دعا کرنا صحیح ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فرضوں کے بعد حسب رغبت و نشاط یعنی (شوق اور توجہ) انفرادی دعا کا جواز ہے۔ لیکن اجتماعی دعا سے احتراز کرنا چاہیے۔ خدشہ ہے کہ بدعت کے زُمرہ میں شامل نہ ہو جائے۔ اس موضوع پر میرا ایک تفصیلی فتویٰ ''الاِعتصام'' میں شائع ہو چکا ہے۔ (جلد ۴۳، شمارہ: ۳۶)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 604

محدث فتویٰ